# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

## Date : 17 August 2026

## Time : 07:40 / PM

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔ لیفٹنٹ گورنر نے نوجوانوں کو قوم کے مستقبل اور نئے بھارت کے معمار دیا قرار // پلوامہ میں ترنگا ریلی اور بین المذاہب مذاکرے میں کی شرکت۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے سرینگر میں رابطہ دفتر پر کئی وفود اور شخصیات ملاقی // سیاحت، تجارت اور عوامی نوعیت کے معاملات اجاگر۔

✓ ۳ ۔۔۔۔ جموں وکشمیر کے 16 اضلاع میں چنندہ برفیلے علاقوں اور لداخ میں // مردم شماری 2027 کے سلسلے میں خود اندراج کرنے کا عمل شروع۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ کے عرس کے موقعے پر آج مشہور خوجہ دگر میں عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد کی شرکت۔

ترنگا ریلی

ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی آج ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں اختتام کو پہنچ رہی ہیں۔ یہ مہم 9/اگست کو شروع ہوئی تھی جس کے چلتے ملک کی جدو جہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

----Music-----

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سپورٹس اسٹیڈیم پلوامہ میں منعقدہ ترنگا ریلی میں شرکت کی۔ ہمارے پلوامہ کے نمائندے میر نذیر نے خبر دی ہے کہ اس ریلی میں ہزاروں چھوٹے بڑے لوگوں نے اپنے ہاتھوں میں قومی پرچم لئے ہوئے سرگرم شرکت کی۔ اس موقعے پر ایل جی نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے آپ کو جموں وکشمیر اور قومی تعمیر کیلئے وقف کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان قوم کے مستقبل اور نئے بھارت کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے حقیقی محرک ہیں۔

LG یوتھ

اسی دوران لیفٹننٹ گورنر نے پلوامہ میں ''Save Youth, Save Future'' فاؤنڈیشن کی طرف سے منعقدہ ملاقات کے ایک پروگرام میں بھی حصہ لیا، جس کا مقصد بین المذاہب مذاکرہ، آپسی ہم آہنگی اور بھارت کی مشترکہ ثقافت کے تحفظ پر گفت وشنید کرنا ہے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ بات چیت صرف الفاظ کا تبادلہ نہیں بلکہ دلوں کے درمیان ایک پُل اور امن وخوشحالی کیلئے راہ اور اعتماد کو پروان چڑھانے والی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی مذاہب اور عقیدوں کا احترام اور باہمی اعتماد ہماری طرز زندگی کا ایک لازم ملزوم حصہ ہوا کرتا تھا۔ ایل جی نے کہا کہ 6 ہزار سال قبل ہمارے ملک نے ایک ساتھ چلنے، ایک ساتھ تحفظ کرنے اور ایک دوسرے کیلئے دلوں میں جگہ بنانے کا ایک خوبصورت پیغام دیا تھا۔ منوج سنہا نے واسو دیوا کٹمبھ کم اور کشمیریت کے فلسفے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایسے جذبات یہ سبق دیتے ہیں کہ اصل شناخت انسانیت اور بہتر رویوں میں ہوتی ہے نہ کہ کسی عقیدے یا طبقے سے وابستہ ہونے میں۔ لیفٹننٹ گورنر نے ''Save Youth, Save Future'' فاؤنڈیشن کی کوششوں کو سراہا جو نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے اور آپسی بھائی چارے کو فروغ دینے کیلئے کام کرتی ہے۔

**LG**

دریں اثناء لیفٹننٹ گورنر نے آج سمادھی پرتشٹھا دوس، ناگ پنچمی مہوتسو اور **Yajna** کی پورن آہوتی کے موقعے پر انت ناگ میں شری راما کرشنا مہا سمیلن آشرم کا بھی دورہ کیا۔اس موقعے پر ایل جی نے سوامی اشوکا نند جی مہاراج کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سوامی وویکانندا کی خود اعتمادی ، بے لوث خدمت اور دیگر صلاحیتوں سے سبق حاصل کر کے ان کے پیغام کو عام کریں۔اس موقعے پر ایڈمنسٹریٹیو کمیٹی کے چیئرمین پدم شری برج لال بٹ کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

بڈھا امرناتھ

اسی بیچ جموں صوبے کے پیر پنچال خطے کے پونچھ ضلع میں آج شری بابا بُڈھا امرناتھ جی یاترا کا باضابطہ آغاز ہوگیا۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج صبح بھگوتی نگر جموں سے یاتریوں کے پہلے قافلے کو روانہ کیا۔ یاتریوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ایل جی نے یاترا کے منتظمین کے کام کی سراہنا کی۔

-----V/O-----

**CM** چیک

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے آج سرینگر میں رابطہ دفتر پر کئی عوامی وفود اور شخصیات نے ملاقات کر کے مختلف قسم کے مسائل و معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔وزیر اعلیٰ سے ان وفود اور افراد نے خاص طور پر سیاحت ،تجارت اور عوامی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔عمر عبداللہ نے سبھی کے مسائل غور سے سننے کے بعد انہیں مناسب وقت پر حل کرانے کی یقینی دہانی کرائی۔اسی دوران وزیر اعلیٰ نے بین الاقوامی سطح کے مارشل آرٹ کھلاڑی اویس یعقوب کو حوصلہ افزائی کے طور پر آج ایک لاکھ روپے کا انعامی چیک پیش کیا ہے۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کھیل کود پر خاص توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے رقومات کے منصفانہ استعمال کے ساتھ جموں وکشمیر میں زیر عمل بنیادی ڈھانچے کے سبھی پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔وزیر موصوفہ سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں صحت، تعلیم اور سماجی بہبود کے مختلف پروجیکٹوں اور پروگراموں پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہی تھیں۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے پی ڈی پی پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ مرحوم مفتی محمد سعید اور محبوبہ مفتی کے ''نارتھ پول اور ساؤتھ پول'' کے منطق نے جموں وکشمیر کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ پارٹی ہیڈکوارٹر سرینگر میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہاں کے لوگ پی ڈی پی اور بی جے پی کے ڈرامہ بازی سے بخوبی واقف ہیں۔

**BJP**

اُدھر پردیش بی جے پی نے جموں میں آج نیشنل کانفرنس سرکار کے خلاف احتجاج کیا۔احتجاج کی قیادت پردیش بی جے پی صدرست شرما اور اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کر رہے تھے۔احتجاج میں شامل لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سینئر بی جے پی لیڈروں نے نیشنل کانفرنس سرکار سے مخاطب ہو کر کہا کہ اُسے عوام کے ساتھ کیئے گئے وعدوں کو پورا کرنا چاہئے۔

سینسس

جموں وکشمیر کے **16** اضلاع میں نشاندہ کیئے گئے برف پوش بالائی علاقوں اور مرکز کے زیر انتظام لداخ میں آج سے مردم شماری کے سلسلے میں سیلف **Enumeration** کا آغاز ہوگیا ہے۔جموں، سرینگر، سانبا اور راجوری اضلاع کو چھوڑ کر یہ عمل **31** اگست تک جاری رہے گا۔جموں کشمیر اور لداخ کیلئے ڈائریکٹر سینسس آپریشن امت شرما نے کہا کہ اس عمل سے نشاندہ کیئے گئے علاقوں کے باشندوں کو ڈیجیٹل موڑ کے ذریعے اپنے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے کا موقع ملے گا۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے امت شرما نے کہا۔

-----**V/O**------

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کی دیگر خانقاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام جاری ہے۔درگاہ حضرتبل میں ختمات المعظمات کی مجلس کا اہتمام ہر روز نماز عصر سے نماز مغرب تک ہوتا ہے جبکہ آثار شریف شہری کلاشپورہ میں یہ مجالس صبح **8** بجے سے شروع ہوتی ہیں۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاول یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔

خوجہ دگر

آج بلند پایہ ولی حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب سرینگر میں ان کے آستان عالیہ واقع خواجہ بازار نوہٹہ میں منعقد ہوئی جہاں ہزاروں عقیدت مندوں نے آج صبح سویرے سے ہی درود واذ کار اور ختمات المعظمات کے علاوہ نماز خوجہ دگر میں شرکت کی۔خانقاہ میں ''خوجہ دِگر'' کے نام سے مشہور نماز عصر آج شام ساڑھے پانچ بجے ادا کی گئی۔نماز عصر کی ادائیگی کے بعد انہوں نے ذکر واذ کار میں حصہ لے کر جموں وکشمیر اور عالم انسانیت کی خوشحالی کیلئے دعائیں کیں۔

-----**V/O**-------

ہارٹیکلچر

محکمہ باغبانی کشمیر نے میوہ باغات کے مالکان، میوہ کے تاجروں اور دیگر زرعی متعلقین سے کہا ہے کہ وہ شمالی ریلوے کی طرف سے کشمیر کے بڈگام اور دلی کے آدھرش نگر تک چلائی جانے والی ریل پارسل سروس سے بھر پور استفادہ کر کے ایک آسان ، سستی اور قابل اعتبار ٹرانسپورٹ سہولیت سے فائدہ اٹھائیں۔واضح رہے کہ یہ سروس گذشتہ سال ستمبر کے مہینے سے شروع کی گئی تھی اور یہ ریل گاڑی جموں کے بڑی برہمنا جموں میں بھی ایک سٹاپ کرتی ہے۔محکمے کے پریس ریلیز کے مطابق اس مال گاڑی نے کشمیر سے سیب اور دیگر مصنوعات سمیت قریب **7** ہزار **400** ٹن کی مال ڈُلائی کی ہے، جبکہ واپسی پر بھی **17** ہزار **450** ٹن مال برداری کی گئی ہے۔

سکاسٹ

زرعی یونیورسٹی کشمیر کے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹینشن اور ہارویسٹنگ ہارمنی فارمر پرڈیوسر آرگنائزیشن کواپریٹیو لمیٹیڈ پٹن کی جانب سے پٹن میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔اس پروگرام میں زائد از **185** ترقی پسند کسانوں اوراراکان نے شرکت کی،جس کا مقصد انہیں فارمر پرڈیوسر آرگنائزیشنز کے فوائد کے بارے میں جانکاری فراہم کرنا تھا تاکہ کسانوں کو دیرپا زرعی ترقی کے بارے میں کام کرنے والے اداروں کے ساتھ وابستہ ہونے کی ترغیب دی جاسکے۔اس موقعے پر ڈائریکٹر ایکسٹنشن اینڈ ڈین ہارٹیکلچر پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ مہمان خصوصی تھیں۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلعے سے تعلق رکھنے والے ایک دسویں پاس نوجوان نے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ایک **Apple Grading Line** قائم کرکے خود روزگاری کے سیکٹر میں ایک مثال قائم کی ہے۔پیٹھ نمبل مٹن سے تعلق رکھنے والے مظفر احمد پڑر نامی اس نوجوان کے اس قدم کو مقامی طور پر زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔ہمارے نمائندے تصدق رشید سے بات کرتے ہوئے مظفر احمد نے کہا کہ اس پہل سے مقامی میوہ اگانے والوں کو فائدہ ملے گا۔

----**Muzzafar**----

کولگام

ضلع کولگام میں خواتین کو بااختیار بنانے کے ایک اقدام کے طور پر آج لڑکیوں کیلئے کئی کھیل ٹورنامنٹوں کاافتتاح کیا گیا۔یہ کھیل ''بیٹی بچاؤ،بیٹی پڑھاؤ'' فلیگ شپ پروگرام کے تحت خواتین کی بااختیاری سے متعلق سنکلپ ہب کی طرف سے منعقد کیئے گئیے ہیں جن کا افتتاح ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کیا۔ہمارے نمائندے خورشید پڑرو نے خبر دی ہے کہ ایک مہینے تک کرکٹ،فٹبال،والی بال،بیڈمنٹن اور باسکٹ بال جیسے یہ کھیل ضلعے کی خواتین کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا بہترین پلیٹ فارم ثابت ہوں گے۔

فوڈسیفٹی

فوڈسیفٹی اینڈ سٹنڈارڈس اتھارٹی آف انڈیا کے چیف ایگزیکٹیو افسر **Rajit Punhani** نے آج فوڈ لیبارٹری کشمیر کادورہ کرکے اس کے کام کاج کا موقعے پر ہی جائزہ لیا۔اس موقعے پر فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن جموں وکشمیر کے کمشنر نے لیبارٹری کے کام کا خاکہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ لیبارٹری میں پچھلے

تین برسوں کے دوران 28 ہزار سے زیادہ نمونوں کی جانچ عمل میں لائی گئی جن میں سے ایک ہزار سے زائد نمونوں کو غیر معیاری پایا گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 54 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 15 نٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔